اشاریہ
نعت رنگ
شمارہ ۱ تا ۲۰
مرتب
محمد سہیل شفیق
رنگ
ریسرچ سینٹر

سرحشر ان کی رحمت کا صبیح میں ہوں طالب

مجھے کچھ عمل کا دعویٰ کبھی تھا، نہ ہے، نہ ہوگا

(صبیح رحمانی)

اشاریہ

نعت رنگ

(شمارہ ۱ تا ۲۰)

مرتبہ

محمد سہیل شفیق

نعت ریسرچ سینٹر

ضابطہ

نام کتاب	:	اشاریہ نعت رنگ (شمارہ ا تا ۲۰)
مرتب	:	محمد سہیل شفیق
		(Cell No. 0300-2268075)
		(E-mail: sascom7@yahoo.com)
اشاعت اول	:	ربیع الاول ۱۴۳۰ھ / مارچ ۲۰۰۹ء
صفحات	:	۲۷۲
قیمت	:	۲۵۰ روپے
ناشر	:	نعت ریسرچ سینٹر۔ کراچی
		بی۔۵۰، سیکٹر ۱۱۔اے، نارتھ کراچی۔
		کراچی: ۷۵۸۵۰۔ پاکستان
		(Cell No. 0301-820027)
		(E-mail: naatrc@gmail.com)
		(Website: www.naatrang.net
		www.naatresearchcentre.com)

انتساب

اپنے والدین کے نام

رب الرحمهما کما ربیٰنی صغیرا

اجمال

مقدمہ

میرے علم کے مطابق اردو میں پہلا جریدہ ہفت روزہ 'الہلال'۔ کلکتہ تھا، جس نے اردو میں اشاریہ نویسی کی روایت ڈالی۔ الہلال ۱۳/ جولائی ۱۹۱۲ء سے شروع ہوا تھا۔ دسمبر ۱۹۱۲ء میں اس کی پہلی جلد مکمل ہوئی۔ ۸ جنوری ۱۹۱۳ء سے اس کی دوسری جلد شروع ہوئی تو اس کے ساتھ پہلی جلد کے مضامین کا اشاریہ بھی تھا۔ الہلال کی یہ روش اس کے پہلے دور (۱۹۱۳-۱۹ء) میں جاری رہی۔ یقین ہے کہ مولانا ابوالکلام آزاد نے یہ ادا مصر وشام کے عربی جراید سے سیکھی ہوگی۔ وہی ان کے سامنے ترتیب وتدوین، تہذیب وتزئین اور پیش کش کا نمونہ اور معیار تھے۔

الہلال کا انڈکس دو حصوں میں تقسیم ہوتا تھا۔ فہرست مضامین اور فہرست تصاویر۔ پھر پہلے حصے کے مواد کو نثر ونظم کے دو عنوانات کے تحت تقسیم کیا گیا ہے:

(الف) القسم المنثور

(ب) القسم المنظوم

ان دونوں حصوں میں ان کے عنوانات بہ ترتیب حروف تہجی مضامین، نثر ونظم کو الگ الگ مرتب کیا گیا ہے اور تصاویر کی فہرست میں ہر تصویر کی تعارفی تحریر (کیپشن) کو تصویر کا حوالہ قرار دیا ہے۔ اردو میں انڈکس سازی کا یہ سادہ اور ابتدائی طریقہ تھا، جو آگے چل کر ایک بڑی علمی روایت کا موجب ہوا۔

جولائی ۱۹۱۶ء میں 'معارف'۔ اعظم گڑھ کا اجرا ہوا۔ اس نے شروع ہی سے سال بہ سال اور بعدہ جب ہر جلد کا دورانیہ ششماہی کر دیا گیا تو ہر جلد کے مضامین کی ششماہی فہرست بہ لحاظ موضوعات مرتب کی جاتی رہی۔ فہرست کا دوسرا جزو مقالہ نگاروں کے متعلق ہوتا تھا۔ آج تک اس روایت کو نبھایا جا رہا ہے۔ معارف کی اس روایت کا بہت اچھا اثر ہوا اور کئی موقتہ رسایل کے اشاریے مرتب کیے جانے

لگے۔ خصوصاً ندوۃ المصنفین۔ دہلی کے علمی ترجمان ماہنامہ 'برہان' نے اپنے اجرا کے سال اول سے معارف کی اس روایت کی تقلید کی۔

اس کے بعد ایک قدم اور آگے بڑھایا گیا۔ بعض رسایل نے اپنی تاریخ کے ایک خاص دور کے ''مدتی اشاریے'' مرتب کردیے۔ مثلاً خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری جرنل (پٹنہ) نے اپنے سو شماروں کا ایک انڈکس مرتب کیا۔ اسی قسم کا اشاریہ ترجمان القرآن۔ لاہور اور فکر و نظر۔ اسلام آباد کے اشاریے مرتب ہوئے۔ ایک اشاریہ معارف۔ اعظم گڑھ کا نوے سال کی ایک سو پچھتر اشاعتوں کا مرتب کردیا گیا۔ اس قسم کے کئی اور اشاریے بھی مرتب ہوئے۔ مثلاً نقوش۔ لاہور اور آج کل۔ دہلی کے۔ یہ رسائل ابھی تک جاری ہیں اور امید ہے کہ ان کا فیض ایک مدت جاری رہے گا۔

اس سلسلے میں نعت رنگ۔ کراچی کا نام بھی آجانا چاہیے جس کا سرمایہ فخر صرف نعت کے حوالے سے آٹھ ہزار صفحات پر پھیلا ہوا ہے، جس کی خصوصیات شمار کی حد سے زیادہ۔ جس کے مضامین علمی و دینی ذوق و فکر کی تولید و تربیت کا موجب ہوئے، جس نے بعض موضوعات پر تصنیف و تالیف اور تحقیق کا شوق پیدا کیا ہے اور خاص اس مقصد کے لیے اس کے بیس شماروں کے انڈیکس کی ترتیب و اشاعت کا داعیہ مقدس پیدا کردیا ہے۔ چوں کہ اس کے اشاریے کی خصوصیات پر آیندہ سطروں میں توجہ دلائی ہے، اس لیے مناسب ہوگا کہ اس مقام پر نقد و تبصرے کا قلم روک دیا جائے۔ مناسب ہوگا کہ اشاریہ نویسی کی ایک اور قسم کی طرف قارئین محترم کی توجہ مبذول کرائی جائے۔

اگرچہ اردو زبان میں ہر علم و فن کا نہایت قیمتی ذخیرہ مستقل رسایل اور کتب کی شکل میں جمع ہوگیا ہے لیکن اس سے زیادہ اور بیش قیمت ذخیرہ اخبارات اور رسایل و جراید کے صفحات میں چھپا ہوا ہے۔ رفتہ رفتہ میری یہ رائے پختہ یقین میں بدل گئی ہے کہ ہمارے بزرگ تصنیف و تالیف اور تحقیق کے معاملے میں ہم سے زیادہ محنتی، زیادہ غور و فکر کرنے والے اور قلم کے استعمال میں زیادہ محتاط، بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ وہ ہر معاملے میں وہ ہم سے زیادہ ذمے دار تھے۔ اس لیے قدیم علمی ذخایر اور مدفون آثار علمیہ کی بازیافت اور ان سے استفادے کی جو تحریک پیدا ہوئی تو ذہن و فکر کی یہ نہایت مثبت، صحیح اور قابل قدر تبدیلی ہے کہ نئے علمی مآخذ کی جستجو ہوئی اور رخ ان اخبارات اور رسایل و جراید کی طرف پھرا، جو اپنے اپنے وقت میں مختلف علمی و عملی میدانوں میں قوم و ملت کی رہنمائی کا فرض انجام دینے کے بعد وہ خود تو تاریخ کا حصہ بن گئے لیکن اپنے نقوش قدم اور نوع بہ نوع آثارِ علمیہ اخلاف کی رہنمائی کے لیے

چھوڑ گئے۔

اس سلسلے میں چند اخبارات اور رسایل و جراید کے اشاریے راقم الحروف نے بھی مرتب کیے ہیں۔ محض ربط کے قیام اور سلسلہ بحث کے خلا کو پر کرنے کی خاطر عرض ہے کہ اس پر بھی ایک اچٹتی نظر ڈال لیجیے۔ شاید اس سے کسی کو کوئی فائدہ پہنچ جائے اور اس کام کو کسی صاحبِ ذوق کو بہت زیادہ اچھے انداز میں اور جامعیت کے ساتھ پیش کرنے کی توفیق نصیب ہو جائے۔ مختصر احوال یہ ہے:

ا۔ ہمدرد۔ دہلی، مولانا محمد علی جوہر کا مشہور انقلابی اخبار تھا۔ اس کے دو دور ہیں۔ پہلا دور ۱۹۱۳ء تا ۱۹۱۵ء تقریباً سوا دو برس کا ہے۔ اس دور کا پہلا پرچہ ۲۳ فروری ۱۹۱۳ء کو اور آخری پرچہ جون ۱۹۱۵ء کو چھپا تھا اور تقریباً ۹ برس بعد اس کا احیا عمل میں آیا۔ اس دورِ ثانی کا پہلا پرچہ ۹/ نومبر ۱۹۲۴ء کو نکلا تھا اور آخری پرچہ ۱۲/ اپریل ۱۹۲۹ء کو شایع ہوا تھا۔ یہ دور تقریباً ساڑھے چار برس پر محیط ہے۔ اس اخبار کی چند مکمل اور نامکمل جلدیں جو ہمدرد لائبریری۔ کراچی اور لاہور میوزیم۔ لاہور میں تھیں، خاکسار نے ان کا اشاریہ اور انھیں دونوں خزائن میں کامریڈ (اشاعت ۴ جنوری ۱۹۱۱ء کی، ۱۴ ستمبر ۱۹۱۲ء کلکتہ ۱۹۱۲ء تا نومبر ۱۹۱۳ء دہلی) اور دہلی کا دورِ ثانی (۳۱/ اکتوبر ۱۹۲۴ء تا ۲۳ جنوری ۱۹۲۶ء) کے پرچے میسر آ گئے تھے ان کا بھی انڈکس بنا کر ''مولانا محمد علی اور ان کی صحافت'' (۱۹۸۳ء کراچی) کے آخر میں شامل کر دیے تھے۔

افسوس کہ قومی و ملی تاریخ کے ان دو عظیم مآخذ سے آج تک کسی نے استفادہ نہیں کیا۔ ہر مورخ و سوانح نگار اور محقق کی نظر ان چند کتب سے آگے نہیں بڑھ سکی جو مولانا مرحوم کی وفات کے بعد قریبی زمانے میں بعض اہل قلم شایقین نے تاریخ و سوانح سے زیادہ جوشِ عقیدت میں مرتب کر دی تھیں۔

۲۔ لسان الصدق۔ کلکتہ (۵۔۱۹۰۳ء)، مولانا ابوالکلام آزاد کی ادارت میں کلکتہ سے نکلتا تھا۔ اس کا مکمل اشاریہ ''مولانا ابوالکلام آزاد کی صحافت'' میں شامل ہے اور لسان الصدق کی مکمل عکسی اشاعت میں بھی شامل ہے۔

۳۔ الندوہ۔ لکھنو (۱۰۔۱۹۰۵ء)، اس میں شایع ہونے والے مولانا کے تمام مضامین کا اشاریہ ''مولانا ابوالکلام آزاد کی صحافت'' میں شامل ہے۔ نیز مولانا کے ''مضامین الندوہ'' کے نام سے الگ مجموعہ بھی چھپ چکا ہے۔

۴۔ البلاغ۔ کلکتہ (۱۶۔۱۹۱۵ء) جاری تھا کہ مولانا آزاد کو بنگال سے نکال کر اور رانچی میں نظر بند کر دیا گیا تھا۔ اس لیے اس کے مضامین کا انڈیکس اس وقت شایع نہیں ہوا تھا۔ خاکسار نے

انڈیکس تیار کر کے اپنی تالیف ''مولانا ابوالکلام آزاد کی صحافت'' میں شامل کرلیا تھا۔ بعد میں لکھنو سے
الہلال والبلاغ کی عکسی اشاعت ظہور میں آئی تو اس کے ساتھ انڈیکس شامل کردیا گیا تھا۔

۵۔ پیغام۔ کلکتہ (۱۹۲۱ء)، تحریک خلافت کا ترجمان مولانا عبدالرزاق ملیح آبادی کی ادارت
اور مولانا آزاد کے زیرنگرانی شایع ہوتا تھا۔ اس کا اشاریہ بھی ''مولانا ابوالکلام آزاد کی صحافت'' میں شامل
ہے۔ پیغام کے صفحات تاریخ تحریک خلافت کے متعلق نہایت قیمتی معلومات سے بھرے ہوئے ہیں۔

۶۔ الجامعہ۔ کلکتہ (۲۴۔۱۹۲۳ء)، عربی زبان میں تحریک تطہیر حجاز کا ترجمان تھا۔ اس کے
مضامین کا انڈیکس ''مولانا ابوالکلام آزاد کی صحافت'' میں شامل ہے۔

۷۔ الہلال۔ کلکتہ (۱۹۲۷ء)، اس کا اشاریہ بھی خاکسار نے تیار کیا اور ''مولانا ابوالکلام
آزاد کی صحافت'' میں شامل ہے۔

۸۔ متفرق مضامین آزاد (۱۲۔۱۹۰۱ء)، مولانا ابوالکلام آزاد کے ابتدائی دور کے مضامین نظم و
نثر (قبل از الہلال ۱۳/ جولائی ۱۹۱۲ء) ''ارمغان آزاد' کے عنوان سے ایک مجموعے میں شایع ہوئے
ہیں۔ اس میں تمام اندراجات (مشمولات) کے اولین مآخذ کی صراحت موجود ہے۔

ہفت روزہ 'سچ'، 'صدق' اور 'صدق جدید' لکھنو سے شایع ہونے والے مولانا عبدالماجد دریا
بادی کے مشہور اور اہم اخبارات تھے۔ ان کے اشاریے پہلے نہیں چھپے تھے۔ ان کے اشاریے عبدالعلیم
قدوائی نے مرتب کیے ہیں اور اب تک 'سچ' (۱۹۳۲ء تا ۱۹۷۶ء) اور صدق (۱۹۳۵ء تا ۱۹۵۰ء) کے
وضاحتی اشاریے خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری۔ پٹنہ سے شایع بھی ہوچکے ہیں۔ یہ مولانا دریابادی
کے ذاتی اور آزاد اخبار تھے۔ کسی جماعت یا مکاتب فکر سے ان کا کوئی تعلق نہ تھا۔ ان کے صفحات تاریخ،
تعلیم، تہذیب، دین، سیاست وغیرہ کی خبروں، ان پر تنقید و تبصرے اور مدیر مرحوم کے افکار اور دیگر مضامین
سے بھرے ہوئے ہیں۔ یہ نہایت اہم علمی کام ہے جو اگرچہ ہندوستان میں انجام پایا ہے۔ لیکن اس سے
استفادہ کرنے والے براعظم ہندو پاکستان کے گوشے گوشے میں موجود ہیں۔

محترم پروفیسر سفیر اختر نے الرحیم۔ حیدرآباد سندھ اور رحیق۔ لاہور کے اشاریے مرتب
کر کے ایک بہت بڑی علمی خدمت انجام دی ہے۔ الرحیم (۱۹۶۳ء تا ۱۹۶۹ء) شاہ ولی اللہ اکیڈمی
حیدرآباد (سندھ) کا ترجمان اور حضرت شاہ صاحب کے فلسفہ و افکار کا مبلغ تھا۔ اس کے صفحات شاہ
صاحب کی سوانح، ان کے افکار و فلسفے کی ترجمانی اور مختلف اداروں میں ان کی خدمت کے تذکارے

بھرے ہوئے اور رحیق (اکتوبر ۱۹۵۶ءتا جولائی ۱۹۵۹ء) مولانا عطاء اللہ حنیف کا ذاتی ماہنامہ، سلف کے مسلک کا ترجمان اور کتاب وسنت کے اتباع کا داعی تھا۔ اس کے صفحات میں پچاسوں بلند پایہ علمی ودینی مقالات اور افکار عالیہ دینیہ کے شاہکار چھپے ہوئے ہیں۔ چوں کہ ان دونوں رسایل کے اشاریے ان کی بندش کے بعد مرتب کیے گئے اس لیے تمام جہات سے مکمل ہیں اور فاضل مرتب کی قابلیت اور ذہانت نے اہل علم اور شایقین تحقیق کے لیے ان سے استفادے کو آسان بنادیا ہے۔

رسایل وجراید کے مضامین کے اشاریوں کی ایک صورت تو یہی تھی کہ ان کے مکمل یا جزوی اشاریے الگ الگ مرتب کردیے جاتے، جیسا کہ عام طور پر عمل میں آیا ہے۔ اشاریہ کی صورت گری کی دوسری شکل یہ ہے کہ موقتہ رسایل سے علمی مضامین چن چن کر متعلقہ علوم وفنون اور ان کے فروع اور اصناف کے زیر عنوان مرتب کر کے کسی رسالے میں ماہانہ یا سہ ماہی چھاپ دیے جایا کریں۔ اس قسم کے انڈیکس کی ترتیب کے دو طریقے ہیں:

ایک یہ کہ جو مضمون جس عنوان سے چھپا ہے، اسی طرح انڈیکس میں اس کا اندراج کردیا ہے۔ اس طرح انڈیکس کی عام اور سادہ قسم وجود میں آجائے گی۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ مضمون کی نوعیت، اس کی خصوصیت اور نکتہ خاص کو بھی ایک دو جملوں میں بیان کردیا جائے۔ اس قسم کے اشاریے کو ''توضیحی اشاریہ'' کہا گیا ہے۔

اردو میں اس قسم کے انڈیکس کی ایجاد کا سہرا 'نوائے ادب' ممبئی کے سر ہے۔ یہ ممبئی کی ایک علمی وتعلیمی انجمن کا مشہور علمی مجلہ تھا۔ اس نے سب سے پہلے ہر سہ ماہی میں اردو رسایل میں مطبوعہ مقالات کا موضوع وار اشاریہ چھاپنا شروع کیا تھا۔ اور یہ اسی کی جدت تھی کہ وہ چند جملوں میں ہر مقالے کا لب لباب بھی بیان کردیتا تھا۔ اس کے ایڈیٹر پروفیسر محمد ابراہیم ڈار تھے۔ انھوں نے مولانا ابوالکلام آزاد سے گذارش کی تھی کہ وہ اس رسالے کے بارے میں اپنے تاثرات سے رہنمائی فرمائیں۔ مولانا نے انھیں اس رسالے کی اس جدت کی داد دی اور مشورہ دیا کہ وہ یہ سلسلہ جاری رکھیں۔ مولانا تحریر فرماتے ہیں:

> ''مجھے یہ معلوم کر کے خوشی ہوئی کہ ممبئی سے 'نوائے ادب' جاری کیا گیا ہے۔ بعض انگریزی رسایل کے طریقے پر اردو رسایل کے مضامین کا خلاصہ آخر میں درج کیا گیا ہے۔ وہ نہایت مفید ودل چسپ ہے۔ ابھی تک اردو کے کسی رسالے نے یہ طریقہ اختیار نہیں کیا تھا۔ بہتر ہوگا کہ 'نوائے ادب' اپنے ہر نمبر

میں یہ سلسلہ جاری رکھے۔"

(افادات آزاد: اسلام آباد، پورب اکادمی، ص ۵۹ـ۱۵۸)

محترم ڈاکٹر عابد رضا بیدار نے قومی زبان۔ کراچی میں اشاریے کا آغاز کیا تو اس میں انھوں نے یہی طریقہ استعمال کیا تھا۔ اور اسے بہت پسند کیا گیا تھا۔ یہ زمانہ میری ادبی زندگی کا بالکل آغاز تھا۔ محترم ڈاکٹر بیدار صاحب کا یہ سلسلہ ان سے میرے تعارف کا ذریعہ بنا تھا۔ قومی زبان میں یہ سلسلہ "نئے خزانے" کے عنوان سے چھپتا تھا۔ ڈاکٹر صاحب کا یہ سلسلہ زیادہ عرصے تک جاری نہ رہ سکا۔ مجھے اس کے وجوہ و موانع کا علم نہیں ہو سکا۔ ان کے اشاریے کے تسلسل میں لیاقت نیشنل لائبریری۔ کراچی کے لائبریرین جناب ابن حسن قیصر مرحوم کا مرتبہ اشاریہ چھپنا شروع ہو گیا۔ لیکن مختلف عنوانات کے تحت یہ مقالات کی سادہ فہرست ہوتی تھی۔ سادہ سے مراد یہ ہے کہ اس میں مقالات کے تعارف، موضوعات و مباحث کی توضیح سے قلم روک لیا گیا تھا۔ اتفاق دیکھیے کہ ۱۹۶۶ء میں یہ ذمہ داری ایک مبتدی پر آ پڑی۔ وہ یہ بارِ گراں اٹھانے کا ہرگز متحمل نہیں ہو سکتا تھا اگر مشفق خواجہ مرحوم کی تربیت اور ہمت افزائی اس کی رہنما نہ ہوتی۔ ۱۹۶۶ء میں "نئے خزانے" کی جمع و ترتیب کی جو ذمے داری خاکسار پر آ پڑی تھی اور جس کا سلسلہ ۱۹۸۹ء تک جاری رہا تھا، بعد میں ڈاکٹر وفا راشدی مرحوم نے اس ذمہ داری کو نبھایا۔ اب ایک مدت سے قومی زبان میں علمی خدمت کا یہ سلسلہ بند کر دیا گیا ہے۔ بعد میں کئی رسایل نے یہ سلسلہ جاری رکھنے کی کوشش کی لیکن نوائے ادب اور قومی زبان میں اشاریے کے ابتدائی دور کے عہد کے اس معیار کو برقرار نہ رکھا جا سکا جو اس کی اہم خصوصیت تھی۔

اردو میں اشاریہ نویسی کے آغاز پر تقریباً ایک صدی پوری ہونے والی ہے۔ اس مدت میں علوم و فنون کے مختلف دایروں میں پچاسوں اشاریے نظر سے گزرے اور اپنے کاموں میں ان سے استفادہ کیا۔ لیکن ہر مرتبہ محسوس کیا کہ اس کی تکوین میں کوئی خامی رہ گئی ہے، جو اس سے کامل استفادے میں رکاوٹ پیدا کر رہی ہے۔ کوئی ایسا اشاریہ نظر سے نہیں گزرا جو ہر پہلو سے جامع اور مکمل ہو اور ہر سوال کا شافی جواب رکھتا ہو۔

اشاریہ نویسی کا فن چوں کہ ابھی تک تجربے کے دور سے گزر رہا تھا اور اس کے اصول، انواع و اقسام، اس کے شرایط، اس کی خصوصیات، علمی معیار، اس کے حدود و اطراف کے بارے نں کسی صاحب علم و نظر نے سوچا ہی نہ تھا اور یہ فن ابھی تک تشنہ تکمیل تھا۔ اس لیے کسی مرتب سے شکوے کا موقع نہ تھا۔

انتظار تھا کہ اشاریہ سازی کی تاریخ میں وہ صبح نمودار ہو جب ایک شایق اور جویائے تحقیق کے لیے راستے کی ہر رکاوٹ دور اور سفر آسان ہو جائے۔

الحمدللہ! تاریخ کی وہ صبح نمودار ہوگئی اور ایک فاضل اور صاحب ذوق وہمت نے ایک ایسا اشاریہ مرتب کر دکھایا، جس نے ایک شایق مطالعہ کے ذوق کی تسکین اور تحقیق کے جویا کی راہ کی ایک ایک الجھن کو دور کر دیا اور کسی سوال کا حصول اتنا آسان اور سہل بنا دیا کہ اس کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔ میرا اشارہ نعت رنگ کے زیرِ نظر اشاریے کی طرف ہے، جو محمد سہیل شفیق صاحب نے ترتیب دیا ہے۔

سہیل صاحب حال ہی میں ماہنامہ 'معارف' اعظم گڑھ کا نوے سالہ اشاریہ مرتب کر کے اپنے ذوق لطیف اور حسن عمل کا ثبوت پیش کر چکے ہیں۔ معارف کا اشاریہ مرتب کر کے انھوں نے علم و تحقیق کی ایک اہم خدمت انجام دی ہے۔ اور زیرِ نظر اشاریہ نعت رنگ تو نہ صرف ایک دینی علمی خدمت ہے بلکہ فن اشاریہ نویسی میں بھی ایک شاہکار کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ اشاریہ فنی محاسن اور حسن ترتیب وسلیقہ تدوین کے لحاظ سے ایک ایسا معیاری کام ہے کہ دایرہ فن میں اہل علم ونظر اور اصحابِ ذوق اسے اپنے سامنے بہ طور نمونہ رکھیں گے اور اسی انداز وطریق سے آیندہ اشاریے مرتب کیے جایا کریں گے۔

میں اس کاوش کے لیے محمد سہیل شفیق کو اور اس کام کے لیے اور خود ان کے انتخاب پر عزیز مکرم سید صبیح رحمانی کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ خدا ان دونوں کے اخلاص وسعی کو قبول فرمائے۔

ڈاکٹر ابوسلمان شاہ جہان پوری

کراچی

حرفے چند

تحقیق وتلاش کا کام علمی جستجو رکھنے والے اصحاب کو شب و روز درپیش رہتا ہے۔ کسی موضوع پر یہ جاننے کے لیے کہ ماضی میں کہاں کہاں اور کون کون سی کتاب میں اس موضوع پر قلم فرسائی کی گئی ہے کتابوں کے دفتر کے دفتر کھنگالنے پڑتے ہیں تب کہیں گوہر مقصود ہاتھ آتا ہے لیکن اس عمل میں وقت بہت صرف ہوتا ہے اسی لیے اہل تحقیق نے اشاریے مرتب کرنے کی بناڈالی تا کہ بعد کے راہروان اشاریوں کی مدد سے برسوں کی تلاش و تحقیق سے لمحوں میں استفادہ کرسکیں۔ یقیناً یہ آسانیاں ہمیں کسی اشاریہ ساز کی محنت شاقہ کے نتیجے میں میسر آتی ہیں۔ بقول عزیز احسن

اک شجر دھوپ کی آغوش میں پاتا ہے نمو
اور پھر بانٹتا رہتا ہے مسلسل سایہ

شعبہ اسلامی تاریخ، جامعہ کراچی کے پرعزم، نوجوان استاد اور ریسرچ اسکالر محمد سہیل شفیق بھی ایک ایسے ہی شجر سایہ دار کی طرح ہمارے درمیان موجود ہیں۔ وہ علمی، ادبی، تحقیقی اور دینی ذوق کے حامل ہیں۔ جامعہ کراچی سے ''جامعہ نظامیہ بغداد کا علمی و فکری کردار'' کے عنوان سے تحقیقی مقالہ (برائے پی ایچ۔ ڈی) لکھ رہے ہیں۔ لیکن اس مقالے کی تکمیل سے قبل ہی انہوں نے اپنے تحقیقی سفر کا آغاز معارف (اعظم گڑھ) جیسے اہم اور وقیع رسالے کا اشاریہ مرتب کر کے کر دیا تھا۔ اور اس طرح انہوں نے تحقیقی دنیا میں نہ صرف اپنی آمد کا باوقار اعلان کیا بلکہ اپنے ذوق، انہماک، سلیقے اور صلاحیت کی بھرپور داد بھی اہل علم سے وصول کی۔ علمی دنیا میں یہ کامیابی معمولی کامیابی نہیں ہے۔

معارف کا اشاریہ دیکھنے کے بعد میں نے سہیل شفیق سے نعت رنگ کا اشاریہ مرتب کرنے کی درخواست کی جسے انہوں نے نہ صرف نہایت خوش دلی سے قبول کیا بلکہ صرف ڈیڑھ ماہ کی قلیل مدت میں اسے مکمل بھی کرلیا اور آج یہ اشاریہ سہیل شفیق کی مستقل مزاجی، بلند حوصلگی اور عزم و ہمت کا آئینہ بن کر ہمارے سامنے ہے۔ یہ اشاریہ نعت کے موضوع پر بڑھتے ہوئے علمی و تحقیقی کاموں کی رفتار کو تیز تر کرنے میں یقیناً معاون ثابت ہوگا۔

مجھے یقین ہے کہ علمی و تحقیقی دنیا میں سہیل شفیق ابھی مزید کئی کارہائے نمایاں سرانجام دیں گے۔ انہوں نے تحقیق کے جادۂ دشوار پر اپنا سفر کسی جبر کے نتیجے میں نہیں بلکہ اپنے فطری و ذہنی میلان کی وجہ سے شروع کیا ہے۔ ان کے پاس ابھی عمر بھی ہے اور محنت کا جذبہ و سلیقہ بھی اور سب سے بڑھ کر کام کی لگن، جس کی موجودگی میں ان سے مزید وقیع کاموں کی توقع اور اس میں کامیابی کے امکانات بہت روشن ہیں۔

سید صبیح الدین صبیح رحمانی

ڈائریکٹر، نعت ریسرچ سینٹر

عرضِ مرتب

نعت فخرِ موجودات، سرورِ کائنات، احمدِ مجتبیٰ، محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت وعقیدت اوروابستگی کا اظہار ہے۔نعت رسولِ مقبول ﷺ کا جہانِ معنی اس درجے وسعتوں کا حامل ہے کہ یہ سلسلہ چودہ سو صدیوں سے چلا آرہا ہے۔نعت کا یہ سفر عقیدت ومحبت کے ساتھ آج بھی معنویت کی کئی منزلوں کو اپنے جلو میں لیے ہوئے جاری وساری ہے۔

''نعت رنگ'' اسی محبت اور معنویت کے سفر کا ایک تابناک رخ ہے۔نعت رنگ نے نعت کی توسیع، تفہیم اور تنقید میں رجحان ساز کردار ادا کیا ہے۔نعت رنگ ایک ایسی محفل ہے جہاں مختلف الخیال احباب اپنے اپنے مکتب فکر وانداز نظر کے ساتھ شریک ہوکر نعت کے دینی، فکری، علمی، ادبی اور فنی پہلوؤں پر غور کرتے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ نعت رنگ کے نتیجے میں تنقیدی جمود ٹوٹا اور نعتیہ ادب پر بے لاگ تبصروں اور تنقیدی مباحث کی ایسی فضا بنی جس نے اہل علم کو نعت کے ادبی پہلوؤں کی جانب نہ صرف متوجہ کیا بلکہ اس موضوع پر سنجیدگی سے غور کرنے اور لکھنے پر آمادہ کیا۔نعت رنگ نے تخلیقِ نعت کے ساتھ ساتھ تحقیقِ نعت، تنقیدِ نعت اور تدوین نعت کا شعور بھی پیدا کیا۔

عصرِ حاضر میں جب نعتیہ شاعری اپنے فن اور اسلوب کے اعتبار سے تخلیقی شاعری کا ایک معتبر حوالہ بن رہی ہے۔نعت رنگ نے فکر وتنقید اور تحقیق دونوں کو یکجا کردیا ہے۔نعتیہ ادب پر پہلے بھی بہت کچھ لکھا اور کہا جاتا رہا ہے لیکن ادبی حیثیت سے اس کا جائزہ بہت کم نظر آتا ہے۔اور اگر کچھ کام ہوا بھی ہے تو وہ یکجا نہیں۔اس اعتبار سے نعت رنگ کے شمارے خاص اہمیت کے حامل ہیں۔نعت رنگ نے قلیل عرصے میں اس قدر ٹھوس اور بنیادی مواد فراہم کیا ہے کہ اس کے مشمولات آئندہ نعت پر کام کرنے والوں کی حوالہ جاتی ضرورت بنیں گے۔

سید صبیح الدین صبیح رحمانی کی زیرِ ادارت نعت رنگ کا پہلا شمارہ اپریل ۱۹۹۵ء میں ادبی افق پر جلوہ افروز ہوا۔ تا حال ۲۰ شمارے شائع ہو چکے ہیں جو اپنی علمی، فکری، ادبی، تحقیقی، تاریخی اور تنقیدی اہمیت وافادیت کے اعتبار سے نعتیہ ادب کا ایک معتبر حوالہ اور مدیرِ نعت رنگ صبیح رحمانی کی نعتِ رسولِ مقبول ﷺ سے والہانہ عقیدت ومحبت اور وابستگی کا مظہر ہیں۔

صبیح رحمانی خوش نصیب ہیں کہ نعت رنگ کے لیے اچھے مضامین کی تلاش، نعت رنگ کی ہمراہی میں جاری ہونے والے نعتیہ جرائد وکتب کی خدمت ومعاونت، نعت ریسرچ سینٹر کا قیام اور اس کے مختلف جامعات سے روابط کی استواری کے نتیجے میں بڑھنے والے کام اور ذمہ داریاں، محافلِ نعت اور مشاعروں میں شرکت، نعت ہی کے سلسلے میں اکثر درپیش رہنے والے اسفار۔ الغرض مدحتِ مصطفیٰ ﷺ کے کئی نورانی دائرے ان کے گرد ہیں۔

فرشتوں نے مری لوحِ عمل پر روشنی رکھ دی
ثناء خوانِ محمد ﷺ لکھ دیا اول سے آخر تک

پیشِ نظر اشاریہ نعت رنگ کے محرک بھی سید صبیح الدین صبیح رحمانی ہیں۔ میں ان کا شکر گزار ہوں کہ نعتِ رسولِ مقبول ﷺ کے حوالے سے اس علمی خدمت کا فریضہ انہوں نے مجھے سونپا۔ نعت رنگ کے اشاریہ کی ضرورت اہلِ علم نے آغازِ کار ہی میں محسوس کر لی تھی۔ اب تک نعت رنگ کے تین اشاریہ شائع ہو چکے ہیں:

- نعت رنگ کا پہلا اشاریہ مصباح العثمان صاحب نے ترتیب دیا۔ مذکورہ اشاریہ نعت رنگ کے پہلے تین شماروں کے مشمولات کا احاطہ کرتا ہے۔ مئی ۱۹۹۷ء میں نعت رنگ کے شمارہ ۴ میں شائع ہوا۔ ۲۲ صفحات پر مشتمل تھا۔

- دوسرا اشاریہ شمارہ ۱ تا ۱۴ کا موضوعاتی اشاریہ تھا۔ جسے سید محمد اظہر سعید صاحب نے ترتیب دیا۔ سیرت اکادمی بلوچستان نے اسے مئی ۲۰۰۳ء میں ششماہی السیرہ عالمی کے ۹ شماروں کے اشاریہ کے ساتھ شائع کیا۔ یہ ۲۶ صفحات پر مشتمل تھا۔

- تیسرا اشاریہ پروفیسر شفقت رضوی صاحب کی کاوش ہے جو ان کی کتاب ''نعت رنگ کا تجزیاتی وتنقیدی مطالعہ'' میں شامل ہے۔ مذکورہ اشاریہ نعت رنگ کے شمارہ ۱ تا ۱۵ کے مشمولات کا احاطہ کرتا

ہے۔ فروری ۲۰۰۴ء میں شائع ہوا۔ ۴۶ صفحات پر مشتمل ہے۔

پیشِ نظر اشاریہ نعت رنگ کے تاحال شائع ہونے والے ۲۰ شماروں کا احاطہ کرتا ہے۔ اس میں مقالات اور فکر و فن کے دو اشاریے ہیں (مصنفین اور مضامین کی ترتیب کے اعتبار سے)۔ جبکہ حاصلِ مطالعہ کے عنوان سے تبصرہ شدہ کتب کے تین اشاریے بنائے گئے ہیں (مصنفین / مرتبین، مضامین اور تبصرہ نگاران کی ترتیب کے اعتبار سے)۔ اداریے میں ذکر کردہ شعبہ نعت کی وفات پا جانے والی اہم شخصیات کا نئے دکھ / وفیات کے عنوان سے الگ سے اشاریہ بنایا گیا ہے۔ نعت رنگ میں شائع ہونے والی حمد اور نعتوں کا مطلع بھی اشاریہ میں دیا گیا ہے۔ ناموں کے اندراج میں ان کی اصل صورت ہی کو برقرار رکھا گیا ہے۔ ہر مضمون کے سامنے اس کا شمارہ نمبر اور صفحات درج کیے گئے ہیں۔

آخر میں میں اپنے اساتذہ پروفیسر ڈاکٹر نگار سجاد ظہیر صاحبہ اور ڈاکٹر محمد شکیل صدیقی کی حوصلہ افزائی، ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہانپوری کی رہنمائی اور اپنے دوستوں برادرم داؤد عثمانی، محمد عبدالعقیل، طاہر قریشی، خرم سبزواری اور محمد فیصل کمال کی پرخلوص معاونت کا شکریہ ادا کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں۔

برادرِ محترم محمد زبیر صاحب (لائبریرین، شرف آباد بیدل لائبریری) اور عزیزی امان اللہ شیخ صدیقی (اسسٹنٹ لائبریرین) کا خصوصی طور پر شکر گزار ہوں کہ انہوں نے مجھے نعت رنگ کے تمام شمارے فراہم کیے اور ان کی جلد واپسی کے لیے کوئی تقاضا نہ کیا۔

قارئین خصوصاً اہل علم حضرات سے گذارش ہے کہ کوئی حوالہ قابل اصلاح نظر آئے تو مرتب کو ضرور آگاہ فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں اس کی تصحیح کی جاسکے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس اشاریہ کو مفید عام بنائے اور قبولیت سے سرفراز فرمائے۔

وماتوفیقی الاباللہ علیہ توکلت والیہ انیب

محمد سہیل شفیق
شعبہ اسلامی تاریخ
جامعہ کراچی

۷/فروری ۲۰۰۹ء

نعت رنگ ایک نظر میں

شمارہ نمبر	سن اشاعت	صفحات
۱	اپریل ۱۹۹۵ء (تنقید نمبر)	۳۳۶
۲	جنوری ۱۹۹۲ء	۳۲۰
۳	ستمبر ۱۹۹۶ء	۳۶۰
۴	مئی ۱۹۹۷ء	۳۴۴
۵	فروری ۱۹۹۸ء	۳۸۴
۶	ستمبر ۱۹۹۸ء	۴۴۸
۷	اگست ۱۹۹۹ء (حمد نمبر)	۲۸۸
۸	ستمبر ۱۹۹۹ء	۲۷۲

۲۵۶	مارچ ۲۰۰۰ء	۹
۲۵۶	اپریل ۲۰۰۰ء	۱۰
۴۱۶	مارچ ۲۰۰۱ء	۱۱
۴۴۰	۲۰۰۱ء	۱۲
۳۲۰	دسمبر ۲۰۰۲ء	۱۳
۲۳۲	۲۰۰۲ء	۱۴
۴۹۸	مئی ۲۰۰۳ء	۱۵
۴۳۲	فروری ۲۰۰۴ء	۱۶
۵۱۲	نومبر ۲۰۰۴ء	۱۷
۸۰۴	دسمبر ۲۰۰۵ء (اعلیٰ حضرت امام احمد رضا شاہ بریلویؒ نمبر)	۱۸
۶۲۴	دسمبر ۲۰۰۶ء	۱۹
۵۹۲	اگست ۲۰۰۸ء	۲۰

ابتدائیہ

صبیح الدین صبیح رحمانی، سید

ابتدائیہ

ش۱،ص۸

ش۲،ص۹ تا ۱۱

ش۳،ص۹ تا ۱۲

ش۴،ص۱۰ تا ۱۲

ش۵،ص۱۱ تا ۱۲

ش۶،ص۱۱

ش۷،ص۹ تا ۱۰

ش۸،ص۱۱

ش۹،ص۱۱ تا ۱۲

ش۱۰،ص۹

ش۱۱،ص۱۱ تا ۱۳

ش۱۲،ص۱۱ تا ۱۲

ش۱۳،ص۱۴

ش۱۴،ص۹ تا ۱۰

ش۱۵،ص۹ تا ۱۲

ش۱۶،ص۱۲ تا ۱۴

ش۱۷،ص۹ تا ۱۲

ش۱۸،ص۱۳ تا ۱۶

ش۱۹،ص۱۵ تا ۱۸

ش۲۰،ص۱۵ تا ۱۸

مقالات و مضامین

(بلحاظ مصنفین)

افروز عالم

کویت میں اردو نعت (مختصر جائزہ) — ش ۱۹، ص ۴۶۹ تا ۴۷۶

افضال احمد انور، پروفیسر

نعت خوانی کے آداب اور اصلاح احوال ومتعلقات — ش ۳، ص ۱۵۰ تا ۲۰۱

اقبال کی نظم "ذوق وشوق" حمد ہے یا نعت؟ — ش ۵، ص ۱۸۶ تا ۲۰۰

تنقیدِ نعت کی اہمیت اور اس کی مثبت جہتیں — ش ۱۵، ص ۱۸۸ تا ۲۰۲

افضل فقیر، محمد

نعت کا مثالی اسلوب نظم — ش ۲، ص ۱۵ تا ۲۶

اقبال جاوید، محمد، ڈاکٹر

بانگ درا کی نعتیہ تب وتاب — ش ۳، ص ۱۰۴ تا ۱۱۴

نعت کہیے مگر احتیاط کے ساتھ — ش ۴، ص ۱۷۹ تا ۱۸۳

حمد، عبد شکور کا فخر اور عبد مجبور کا سہارا — ش ۷، ص ۶۰ تا ۷۴

قصیدۂ بردہ شریف --- کچھ اور منظوم تراجم — ش ۱۰، ص ۱۳۸ تا ۱۵۷

نعت اور آداب نعت گوئی افادات کشفی کی روشنی میں — ش ۱۲، ص ۲۲ تا ۷۷

اسم محمد ﷺ --- نعت کے آئینے میں — ش ۱۳، ص ۱۵ تا ۵۸

ظہور قدسی: پس منظر (اردو نعت کے آئینے میں) — ش ۱۵، ص ۲۰ تا ۵۰

ظہور قدسی (اردو نعت کے آئینے میں) — ش ۱۶، ص ۴۱ تا ۵۴

نعت نگاری اور اہتزازِ نفس — ش ۱۷، ص ۱۲۱ تا ۱۴۴

اکرام شاہ جیلانی، سیّد

نعتِ رسول اعظم وآخر (ایک پیغام --- ایک تحریک) — ش ۲۰، ص ۲۵۵ تا ۲۶۳

اکرم رضا، محمد، پروفیسر

نعت اور احترام بارگاہ رسالت — ش ۱۱، ص ۲۲ تا ۱۰۰

کاروانِ نعت کا شوقِ منزل آشنائی — ش ۱۵، ص ۵۱ تا ۱۲۱

نعت میں نعت — ش ۱۷، ص ۱۴۵ تا ۱۷۴

گلستانِ نعت میں سیرت مصطفی ﷺ کی بہارِ جاوداں — ش ۱۹، ص ۵۱ تا ۱۰۵

(خ)

خورشید رضوی، ڈاکٹر

(د)

دوست محمد خان، ڈاکٹر

(ر)

راجا رشید محمود

رشید وارثی

اردو نعت میں ادب رسالت کے منافی اظہار کی مثالیں	ش ۱۰، ص ۱۰ تا ۳۷
اردو نعت میں ''صلعم'' کا استعمال اور اس کے مضمرات	ش ۱۱، ص ۱۴ تا ۲۱

رفاقت علی شاہد

گلزار نعت ایک نایاب نعتیہ گلدستہ	ش ۸، ص ۹۴ تا ۹۷
گلدستۂ انوار محمدی ﷺ ایک تعارف	ش ۱۰، ص ۱۵۸ تا ۱۷۰

ریاض حسین چودھری

جدید اردو نعت کی صورت پذیری کا موسم	ش ۱۷، ص ۶۳ تا ۱۲۰

(س)

سحر انصاری، پروفیسر

گلبن نعت (کسی خاتون کی جانب سے اردو کا پہلا نعتیہ مجموعہ)	ش ۲، ص ۱۱۹ تا ۱۲۱

سراج احمد قادری بستوی، ڈاکٹر

مولانا احمد رضا بریلوی کی نعتیہ شاعری کے حوالے سے شائع ہونے والی کتب کا تعارف	ش ۱۸، ص ۶۴۰ تا ۶۶۵
نعت گوئی کا تقدس اور اس کی تنقیدی قدریں	ش ۱۹، ص ۱۶۴ تا ۱۷۷

سعید بدر

نعت کیا ہے؟	ش ۱، ص ۱۲ تا ۲۰

سلطان شاہ، محمد، ڈاکٹر

نعتیہ شاعری میں ذکرِ احادیثِ رسول	ش ۱۶، ص ۷۲ تا ۸۵

سلیم اختر، ڈاکٹر

محرکات نعت	ش ۴، ص ۱۶۵ تا ۱۶۷

سلیم شہزاد

آزاد نظم میں نعت کی جلوہ گری	ش ۲۰، ص ۱۷۸ تا ۱۹۹

(ظ)

ظہیر غازی پوری

نعتیہ شاعری کے لوازمات　　ش ۱۱، ص ۱۲۰ تا ۱۳۲

(ع)

عاصی کرنالی

ممنوعاتِ نعت　　ش ۱، ص ۱۳۹ تا ۱۵۰

اردو حمد و نعت پر فارسی شعری روایت کے اثرات　　ش ۲، ص ۲۷ تا ۳۷

نعت پر تنقید (دوسرا رخ)　　ش ۳، ص ۳۶ تا ۴۳

حمدیہ شاعری پر تنقید　　ش ۷، ص ۸۳ تا ۸۷

اردو حمد و نعت فارسی روایت کے تناظر میں　　ش ۸، ص ۵۲ تا ۵۵

اردو حمد و نعت کی روایت کے چند اساسی محرکات اور
اُن کے فروغ کی عملی صورتیں　　ش ۹، ص ۶۵ تا ۸۵

جنوبی پنجاب میں اردو نعت گوئی کا پچاس سالہ جائزہ　　ش ۱۴، ص ۱۰۰ تا ۱۰۸

نعت میں سراپا نگاری اور سیرت نگاری　　ش ۱۵، ص ۱۴۰ تا ۱۴۷

عبدالباری، سیّد

اردو مثنوی میں حمد و مناجات　　ش ۷، ص ۹۵ تا ۱۰۶

عبدالنعیم عزیزی، ڈاکٹر

امام احمد رضاؒ اور محسن کاکورویؒ　　ش ۳، ص ۸۸ تا ۱۰۳

چند نعت گویان بریلی　　ش ۶، ص ۱۵۱ تا ۱۵۸

مصرع رضا اور کشفی صاحب　　ش ۸، ص ۶۸ تا ۷۸

نعت میں طنز کی شمولیت　　ش ۸، ص ۷۹ تا ۸۷

امام احمد رضا کا تصورِ نعت　　ش ۱۴، ص ۷۷ تا ۹۹

نعتیہ ادب پر تنقید یا تنقیص　　ش ۱۹، ص ۱۷۸ تا ۱۸۸

عزیز احسن

نعت نبی میں زبان و بیان کی بے احتیاطیاں	ش ا، ص ۲۰۵ تا ۲۴۶
نعت اور شعریت	ش ۲، ص ۶۳ تا ۱۱۷
اردو نعت اور جدید اسالیب	ش ۴، ص ۴۷ تا ۱۰۸
اردو نعت اور شاعرانہ رویہ	ش ۵، ص ۱۴۴ تا ۱۵۴
اردو نعت میں آفاقی قدروں کی تلاش	ش ۶، ص ۹۵ تا ۱۰۵
معجزۂ فن کی ہے خونِ جگر سے نمود	ش ۱۴، ص ۶۸ تا ۷۶
افصح العرب ﷺ کے حضور میں	ش ۱۹، ص ۱۰۶ تا ۱۶۳
نعت اور تصورِ مقصودِ کائنات	ش ۲۰، ص ۱۳۲ تا ۱۵۱
اردو نعت اور جدید اسالیب	ش ۳، ص ۴۴ تا ۷۸

عصمت جاوید، ڈاکٹر

اردو نعت گوئی میں عقیدت و محبت کا اظہار	ش ۳، ص ۷۹ تا ۸۷

(غ)

غفور شاہ قاسم، ڈاکٹر

پاکستان میں نعت گوئی کی تحریک (ایک سرسری جائزہ)	ش ۲۰، ص ۲۲۹ تا ۲۵۴

غلام مصطفی رضوی

عقیدہ ختم نبوت اور ''ذوقِ نعت''	ش ۲۰، ص ۲۶۴ تا ۲۷۰

غوث میاں

پاکستان میں نعتیہ انتخاب	ش ا، ص ۱۰۵ تا ۱۲۹

(ف)

فرمان فتح پوری، ڈاکٹر

اردو نعت گوئی میں ہئیت کے تجربوں کی ضرورت	ش ۴، ص ۱۶۳ تا ۱۶۴

مسعود الرحمٰن خان ندوی

ملک الظفر سہسرامی، محمد

منصور ملتانی

(ن)

نعیم کوثر

نور احمد میرٹھی

(و)

وحید اشرف کچھوچھوی، سیّد، ڈاکٹر

مقالات و مضامین

(بلحاظ مضامین)

(آ)

(ا)

(ب)

(پ)

(ت)

(ث)

(ج)

(ذ)

ذکری المولد اور نہج البردۃ از ڈاکٹر ابوسفیان اصلاحی		ش ۱۷، ص ۴۸ تا ۵۰

(ر)

رسالہ ''شام وسحر'' کے نعت نمبروں کا تجزیاتی اور تنقیدی جائزہ از شفقت رضوی		ش ۱۵، ص ۲۱۳ تا ۳۰۴

رضا کی زبان تمھارے لیے از علامہ کوکب نورانی اوکاڑوی		ش ۱۸، ص ۳۵۱ تا ۵۰۱

(ز)

''زبانِ خامہ ندارد سرِ بیانِ فراق'' کا تنقیدی جائزہ از ڈاکٹر سید شمیم احمد گوہر		ش ۱۹، ص ۱۸۹ تا ۱۹۶

(س)

سلسلۂ جماعتیہ کے نعت گو شعراء از محمد صادق قصوری		ش ۶، ص ۱۲۷ تا ۱۵۰

(ش)

شروحاتِ حدائقِ بخشش از منصور ملتانی		ش ۱۸، ص ۷۰۱ تا ۷۰۷

شعرائے جلال پور جٹاں اور نعت رسول ﷺ از شاکر کنڈان		ش ۸، ص ۱۶۱ تا ۱۸۴

شعرائے میرٹھ کی نعت نگاری از نور احمد میرٹھی		ش ۶، ص ۱۰۶ تا ۱۲۶

شعر کے بارے میں نبی کریم ﷺ کی رائے از ڈاکٹر محمد اسحٰق قریشی		ش ۸، ص ۱۲ تا ۳۹

(ص)

صنفِ نعت انسانی تخیل کے تناظر میں از سید حسن محمود جعفری		ش ۲۰، ص ۲۵ تا ۵۰

(ض)

ضلع رحیم یار خاں کے نعت گو از گوہر ملیسانی		ش ۱۷، ص ۲۰۴ تا ۲۲۳

(ظ)

(ع)

(غ)

(ف)

(ق)

(ک)

(گ)

(ل)

(م)

(ن)

(ہ)

فکر و فن

(بلحاظ مصنفین)

(آ)

آفاق صدیقی، پروفیسر

شاہ لطیفؒ کی نعتیہ شاعری — ش۴،ص۱۹۹تا۲۰۴

مدحت سرکار عالم اور شیخ ایاز — ش۶،ص۲۶۵تا۲۷۰

آفتاب کریمی کی حمدیہ شاعری — ش۷،ص۲۳۷تا۲۴۳

ابوالحسن واحد رضوی

امام احمد رضا کی سراپا نگاری — ش۱۸،ص۲۹۴تا۲۹۸

ابوالخیر کشفی، سیّد، محمد، ڈاکٹر

ہشام علی حافظ کی نعتیہ شاعری ایک تاثر — ش۲،ص۲۱۷تا۲۲۲

ابین راحت چغتائی کی نعت گوئی — ش۱۰،ص۲۲۳تا۲۳۰

مقبول نقش کا نقشِ عقیدت — ش۱۶،ص۲۴۲تا۲۴۷

سلامِ رضا کے دو باغوں کی سیر — ش۱۸،ص۲۵تا۳۳

کرم و نجات کا سلسلہ
(عزیز احسن کے شعرِ عقیدت پر ایک نظر) — ش۲۰،ص۳۲۵تا۳۳۰

ابوسعادت جلیلی

سعد اللہ مسیح جہانگیری کی فارسی نعتیں — ش۱۴،ص۱۳۷تا۱۵۳

ابوسفیان اصلاحی، ڈاکٹر

ابوالعتاہیہ ابونواس اور اسماعیل صبری کی حمدیہ شاعری — ش۷،ص۱۴۳تا۱۷۴

شوقی اور انکا نعتیہ قصیدہ "الھمزیۃ النبویۃ" — ش۱۱،ص۲۱۹تا۲۴۷

علامہ فیض الحسن سہارنپوری کی نعتیہ شاعری — ش۱۶،ص۱۹۴تا۲۱۹

علامہ فضل حق خیرآبادی کی عربی نعتیہ شاعری — ش۱۹،ص۳۴۷تا۳۷۴

ابوسلمان شاہجہانپوری، ڈاکٹر

شورش کاشمیری اور نعت گوئی — ش۹،ص۱۰۶تا۱۳۱

(س)

(ش)

فکر و فن

(بلحاظ مضامین)

(آ)

(ا)

(ب)

(ت)

(ج)

(ح)

(خ)

(ر)

(س)

(ش)

(ص)

(ط)

(ظ)

(ع)

(م)

مطالعاتِ نعت

اشاریہ نعت رنگ

تجزیاتی مطالعہ

گوشے

گوشہ ڈاکٹر سید آفتاب احمد نقوی

تعزیت نامے:

گوشہ آفتاب کریمی

شبیر احمد قادری

ذکر حفیظ تائب		ش ۱۷، ص ۳۲۷ تا ۳۳۲

عمران نقوی

تائب سا خوش کلام بھی خاموش ہو گیا		ش ۱۷، ص ۳۳۳ تا ۳۳۴

گوشہ خورشید رضوی	(صاحب گوشہ کا نعتیہ کلام)	ش ۴، ص ۱۵۵ تا ۱۵۸
گوشہ سحر انصاری	(صاحب گوشہ کا نعتیہ کلام)	ش ۴، ص ۱۵۹ تا ۱۶۲
گوشہ سلیم کوثر	(صاحب گوشہ کا نعتیہ کلام)	ش ۹، ص ۹۵ تا ۱۰۵
		ش ۱۷، ص ۲۲۴ تا ۲۴۰
گوشہ شبنم رومانی	(صاحب گوشہ کا نعتیہ کلام)	ش ۲، ص ۱۸۳ تا ۱۸۶
گوشہ شوکت عابد	(صاحب گوشہ کا نعتیہ کلام)	ش ۶، ص ۱۷۴ تا ۱۸۰
گوشہ شیبا حیدری	(صاحب گوشہ کا نعتیہ کلام)	ش ۶، ص ۳۱۴ تا ۳۱۶
گوشہ صبا اکبر آبادی	(صاحب گوشہ کا نعتیہ کلام)	ش ۳، ص ۲۵۲ تا ۲۶۲

گوشہ غالب

حاصلِ مطالعہ

(تبصرہ کتبْ بلحاظِ کتب)

(آ)

(ا)

(ب)

(چ)

(ح)

(خ)

(د)

(ذ)

ذکرارفع از مبارک مونگیری۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی ش ا،ص ۲۶۳

ذوق عرفان از اسرار احمد سہاروی۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی ش ۸،ص ۲۴۶ تا ۲۴۷

(ر)

راہِ نجات از غلام مجتبیٰ احدی۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی ش ا،ص ۲۶۶ تا ۲۶۷

رب العالمین و رحمت اللعالمین ﷺ از گہر اعظمی۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی ش ۹،ص ۱۷۷ تا ۱۷۸

رب خیر البشر از قمر وارثی۔ تبصرہ نگار: منصور ملتانی ش ۱۹،ص ۵۳۸ تا ۵۳۹

رحمت پروردگار از علی اصغر عباس۔ تبصرہ نگار: عارف منصور ش ۲۰،ص ۴۰۰ تا ۴۰۱

رحمت نور لم یزل از ضیا انصاری۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن ش ۱۲،ص ۲۱۵ تا ۲۱۷

رزقِ ثنا از ریاض حسین چودھری۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن ش ۹،ص ۱۹۵ تا ۱۹۶

رشک بشر از تمثیل جاوید۔ تبصرہ نگار: حنیف جاوید ش ۹،ص ۱۷۵ تا ۱۷۶

رنگ روشنی خوشبو از سجاد سخن۔ تبصرہ نگار: شفیق الدین شارق ش ۳،ص ۲۴۲ تا ۲۴۴

رنگِ نعت از پروفیسر فیروز شاہ۔ تبصرہ نگار: عارف منصور ش ۲۰،ص ۳۹۹ تا ۴۰۰

رنگ و خوشبو نور و نکہت از حکیم راؤ عبداللہ عزمی۔ تبصرہ نگار: قمر وارثی ش ۱۹،ص ۵۲۹ تا ۵۳۰

روح عالم از یوسف طاہر قریشی۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی ش ۸،ص ۲۵۰

روحِ کونین از عثمان ناعم۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن ش ۱۲،ص ۲۱۷ تا ۲۱۸

روشنی کا سفر از وسیم فاضلی۔ تبصرہ نگار: منصور ملتانی ش ۱۹،ص ۵۴۱ تا ۵۴۲

روشنی کے خدوخال از رفیع الدین راز۔ تبصرہ نگار: منصور ملتانی ش ۱۹،ص ۵۳۵ تا ۵۳۸

روشنی ہی روشنی از ماجد خلیل۔ تبصرہ نگار: قیصر نجفی ش ۱۶،ص ۳۳۲ تا ۳۳۶

ریاضِ مدحت از سید ریاض حسین زیدی۔ تبصرہ نگار: قیصر نجفی ش ۱۶،ص ۳۱۷ تا ۳۲۰

(ز)

(س)

(ش)

(ص)

(ض)

(ط)

(ع)

(غ)

(ف)

(ق)

(ک)

(ن)

نغمات طیبات از عزیز الدین خاکی القادری۔ تبصرہ نگار: شفیق الدین شارق ش ۵، ص ۳۴۲ تا ۳۴۳

نغمۂ روح از قادری رونق بدایونی۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن ش ۱۲، ص ۲۱۸ تا ۲۲۰

نفائس النبی از سیّد نفیس الحسینی۔ تبصرہ نگار: قمر یعنی ش ۱۹، ص ۵۵۱ تا ۵۵۳

نقش اولین از زاہد فتح پوری۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن ش ۱۱، ص ۳۰۵ تا ۳۰۶

نقشِ کف پا از وقار احمد صدیقی۔ تبصرہ نگار: شفیق الدین شارق ش ۵، ص ۳۵۵ تا ۳۵۶

نوازشِ مصطفی ﷺ از نظمی مارہروی۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی ش ۶، ص ۳۳۵ تا ۳۳۶

نورِ بے مثال از حیرت الہ آبادی۔ تبصرہ نگار: شفیق الدین شارق ش ۵، ص ۳۴۹ تا ۳۵۱

نورِ حق از علیم النساء ثنا۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی ش ۹، ص ۱۷۹ تا ۱۸۰

(و)

والفجر از بیکل اتساہی۔ تبصرہ نگار: منصور ملتانی ش ۹، ص ۲۰۳

وسیلۂ نجات از ساحر شیوی۔ تبصرہ نگار: منصور ملتانی ش ۹، ص ۲۰۶ تا ۲۰۷

وظیفہ از سیّد عاصم گیلانی۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن ش ۱۲، ص ۲۱۲ تا ۲۱۳

ولائے رسول ﷺ از قمر یعنی۔ تبصرہ نگار: قیصر نجفی ش ۱۷، ص ۳۵۷ تا ۳۵۹

وہی یٰسین وہی طٰہٰ از حفیظ تائب۔ تبصرہ نگار: منصور ملتانی ش ۸، ص ۲۳۶ تا ۲۳۷

(ہ)

ہر لفظ کے لب پر صلِ علیٰ از ڈاکٹر شوزب کاظمی۔ تبصرہ نگار: عارف منصور ش ۲۰، ص ۴۳۰ تا ۴۳۱

(ی)

یا ایہا المزمل از قمر الحسن قمر بستوی۔ تبصرہ نگار: منصور ملتانی ش ۹، ص ۲۰۵ تا ۲۰۶

یاسین از وحید الحسن ہاشمی۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی ش ۶، ص ۳۲۷

یہ تو کرم ہے ان کا ورنہ از کوثر بریلوی۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی ش ۸، ص ۲۴۹ تا ۲۵۰

یہ ہیں کارنامے رسولِ خدا کے از راجہ محمد عبداللہ نیاز۔ تبصرہ نگار: منصور ملتانی ش ۹، ص ۲۰۷ تا ۲۰۸

حاصلِ مطالعہ

(تبصرہ کتبُ بلحاظِ مصنفین/مرتبین)

(آ)

آصف بشیر چشتی

شہرِ نعت۔ تبصرہ نگار: شفیق الدین شارق | ش ۵، ص ۲۴۳ تا ۲۴۴

آفتاب کریمی

آنکھ بنی کشکول۔ تبصرہ نگار: شفیق الدین شارق | ش ۵، ص ۲۴۷ تا ۲۴۸

ابرار حنیف مغل، محمد

کاروانِ نعت (نعت خوانی نمبر)۔ تبصرہ نگار: عارف منصور | ش ۲۰، ص ۴۱۸ تا ۴۱۹

ابرار کرت پوری

خالقِ ذوالجلال۔ تبصرہ نگار: منصور ملتانی | ش ۹، ص ۲۰۴

ابوبکر ناظم

جہانِ شوق۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن | ش ۱۲، ص ۲۱۴ تا ۲۱۵

اجمل نقشبندی

حرف حرف روشنی۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن | ش ۴، ص ۲۹۶ تا ۲۹۷

احمد ثقلین حیدر، سید

دریچۂ نور۔ تبصرہ نگار: قمر وارثی | ش ۱۹، ص ۵۲۵ تا ۵۲۷

احسان دانش

ابرِ نیساں۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی | ش ۹، ص ۱۸۱

احمد جلیل

نچھاور جاں مدینے پر۔ تبصرہ نگار: مسعود احمد | ش ۱۹، ص ۵۵۴ تا ۵۵۶

احمد شہباز خاور

قندیل راحت۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن | ش ۴، ص ۲۹۱ تا ۲۹۳

اختر لکھنوی

سرکار۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی — ش ۱، ص ۲۶۹ تا ۲۷۰

اختر ہوشیار پوری

مجتبیٰ ﷺ ۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن — ش ۹، ص ۱۸۵ تا ۱۸۶

خاتم المرسلین ﷺ ۔ تبصرہ نگار: عارف منصور — ش ۲۰، ص ۴۱۳ تا ۴۱۴

اسد ملتانی

مشارق (مرتب جعفر بلوچ)۔ تبصرہ نگار: قیصر نجفی — ش ۱۹، ص ۵۱۹ تا ۵۲۱

اسرار احمد سہاروی

ذوق عرفان۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی — ش ۸، ص ۲۴۶ تا ۲۴۷

اطہر صدیقی

ماہ تابِ حرا ۔ تبصرہ نگار: عارف منصور — ش ۲۰، ص ۴۲۰ تا ۴۲۱

اظہر الدین قادری، محمد

گونج (نعت نمبر) ۔ تبصرہ نگار: عثمان غنی عادل — ش ۱۱، ص ۳۱۹ ـ ۳۲۰

اعجاز رحمانی

چراغِ مدحت ۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن — ش ۴، ص ۲۹۴ تا ۲۹۵

افسر ماہ پوری

طور سے حرا تک۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن — ش ۴، ص ۲۹۳ تا ۲۹۴

اقبال حیدر

لاریب۔ تبصرہ نگار: عارف منصور — ش ۲۰، ص ۴۲۴ تا ۴۲۵

اقبال عظیم

پیکرِ نور ۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی — ش ۶، ص ۳۲۲

(ب)

بزمِ اقبال بھوپال

ثنائے محمد (مجلّہ) ۔ تبصرہ نگار: عثمان غنی عادل　　　ش ۱۱، ص ۳۲۸ تا ۳۲۹

بشیر حسین ناظم

جمال جہاں فروز۔ تبصرہ نگار: منصور ملتانی　　　ش ۸، ص ۲۳۸ تا ۲۳۹

بیکل اتساہی

والفجر۔ تبصرہ نگار: منصور ملتانی　　　ش ۹، ص ۲۰۳

(پ)

پروین جاوید

حضوری چاہتی ہوں۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن　　　ش ۱۵، ص ۳۳۶ تا ۳۳۸

(ت)

تابش صمدانی

مرحبا سیدی۔ تبصرہ نگار: منصور ملتانی　　　ش ۱۹، ۵۴۳ تا ۵۴۴

تفضل حسین، محمد اعبدالرحیم قاسمی

کفیل غریب۔ تبصرہ نگار: منصور ملتانی　　　ش ۸، ص ۲۴۵ تا ۲۴۶

تمثیل جاوید

رشک بشر۔ تبصرہ نگار: حنیف جاوید　　　ش ۹، ص ۱۷۵ تا ۱۷۶

تنویر پھول

انوارِ حرا ۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی　　　ش ۹، ص ۱۷۹

(ث)

ثریا ہاشمی

(ج)

جاوید احسن خان

جمیل الدین شرفی، سید

جمیل ملک

(ح)

حافظ عبدالغفار حافظ

حامد امروہوی

مولانا حامد حسن قادری

(خ)

خالد شفیق

عالم افروز۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن — ش۴، ص۲۹۵ تا ۲۹۶

خالد عباس الاسدی، ڈاکٹر

بارگاہِ ادب میں از ۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی — ش۶، ص۳۳۴ تا ۳۳۵

خالد علیم

محامد محمد ﷺ ۔ تبصرہ نگار: منصور ملتانی — ش۱۹، ص۵۴۲ تا ۵۴۳

خالد محمود خالد

حسنِ ازل ۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن — ش۹، ص۱۸۹ تا ۱۹۰

خان اختر ندیم نقشبندی

ساقی کوثر ۔ تبصرہ نگار: منصور ملتانی — ش۱۹، ص۵۴۴

خورشید بیگ میلسوی

جمالِ نظر ۔ تبصرہ نگار: قیصر نجفی — ش۱۷، ص۳۴۶ تا ۳۴۸

(د)

دبستانِ وارثیہ

آب وتاب رنگ ونور ۔ تبصرہ نگار: شفیق الدین شارق — ش۵، ص۳۵۳ تا ۳۵۴

مالک ارض وسما ۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن — ش۹، ص۲۰۰ تا ۲۰۳

(ر)

راجارشید محمود

پاکستان میں نعت ۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی — ش ۱، ص ۲۶۴

نعت (ماہنامہ) ۔ تبصرہ نگار: شفیق الدین شارق — ش ۳، ص ۲۵۵ تا ۲۵۷

سخن نعت ۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن — ش ۱۵، ص ۳۳۸ تا ۳۳۹

راجہ محمد عبداللہ نیاز

یہ ہیں کارنامے رسولِ خدا کے۔ تبصرہ نگار: منصور ملتانی — ش ۹، ص ۲۰۷ تا ۲۰۸

رازی ادیبی اشرفی، حکیم

ارمغانِ نعت۔ تبصرہ نگار: منصور ملتانی — ش ۱۹، ص ۵۴۷ تا ۵۴۸

راؤ عبداللہ عزمی، حکیم

رنگ وخوشبو نور ونکہت ۔ تبصرہ نگار: قمر وارثی — ش ۱۹، ص ۵۲۹ تا ۵۳۰

رحمان خاور

محراب حرم ۔ تبصرہ نگار: شفیق الدین شارق — ش ۵، ص ۳۴۱ تا ۳۴۲

رحمت اللہ راشد احمد آبادی

مخزن نور۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی — ش ۶، ص ۳۳۲ تا ۳۳۳

رشید ساقی

تقدیس قلم ۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن — ش ۱۲، ص ۲۱۰ تا ۲۱۱

رشید وارثی

خوش بوئے التفات ۔ تبصرہ نگار: قیصر نجفی — ش ۱۹، ص ۵۲۲ تا ۵۲۵

رشیدہ عیاں

فانوس ہفت رنگ ۔ تبصرہ نگار: منصور ملتانی — ش ۱۹، ص ۵۴۹ تا ۵۵۰

رضاء اللہ حیدر

مدینہ یاد آتا ہے ۔ تبصرہ نگار: قیصر نجفی — ش۱۹،ص۵۰۹تا۵۱۰

رضوان رانا

نسبت ۔ تبصرہ نگار: عارف منصور — ش۲۰،ص۴۲۱تا۴۲۲

رفیع الدین راز

روشنی کے خدو خال ۔ تبصرہ نگار: منصور ملتانی — ش۱۹،ص۵۳۵تا۵۳۸

سید محمد رفیع الدین شرفی، سید

معجزہ معجزہ ۔ تبصرہ نگار: عارف منصور — ش۲۰،ص۴۲۹تا۴۳۰

رمضان اطہر، محمد، حکیم

حرف طیب ۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی — ش۶،ص۳۲۰

رونق بدایونی، قادری

نغمۂ روح ۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن — ش۱۲،ص۲۱۸تا۲۲۰

رئیس احمد

حریم نعت ۔ تبصرہ نگار: شفیق الدین شارق — ش۳،ص۲۵۳تا۲۵۴

ریاض احمد پرویز

ادائے رحمت ۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی — ش۶،ص۳۲۰_۳۲۱

ریاض حسین چودھری

زرِ معتبر ۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی — ش۲،ص۲۰۰تا۲۰۱

رزقِ ثنا ۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن — ش۹،ص۱۹۵تا۱۹۶

تمنائے حضوری ۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن — ش۱۱،ص۳۱۴

سلام علیک ۔ تبصرہ نگار: منصور ملتانی — ش۱۹،ص۵۴۸

سجاد مرزا

شوقِ نیاز ۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن — ش ۹، ص ۱۹۸ تا ۱۹۹

سراج احمد قادری، ڈاکٹر

نعتیہ روایت کا عروج وارتقا۔۔۔ایک تاریخی و تجزیاتی مطالعہ
۔ تبصرہ نگار: قیصر نجفی — ش ۱۶، ص ۳۳۶ تا ۳۳۸

سکندر شرفی

حسنِ نعت ۔ تبصرہ نگار: عارف منصور — ش ۲۰، ص ۴۱۱

سلطان شاہ، سید، ڈاکٹر

شاعرِ نعت ۔ تبصرہ نگار: قیصر نجفی — ش ۱۹، ص ۵۱۳ تا ۵۱۴

سلمان رضوی، سید

خیر کثیر ۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی — ش ۲، ص ۲۰۱ تا ۲۰۳

سلیم اختر فارانی

ضیائے نعت درخشاں ۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن — ش ۱۱، ص ۳۰۱ تا ۳۰۲

سلیم چوہدری، محمد

شعرائے امرتسر کی نعتیہ شاعری ۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن — ش ۴، ص ۲۹۰ تا ۲۹۱

سہیل غازی پوری

حمد و نعت ۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن — ش ۱۱، ص ۳۰۷ تا ۳۰۸

سیرت اکادمی بلوچستان

سوغات ۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن — ش ۱۱، ص ۳۱۴ تا ۳۱۵

(ش)

شیبا حیدری

حمد نامہ ۔ تبصرہ نگار: منصور ملتانی　　ش ۹، ص ۲۰۴ تا ۲۰۵

شیر افگن خان جوہر

سائبانِ رحمت ۔ تبصرہ نگار: منصور ملتانی　　ش ۱۹، ص ۵۳۴ تا ۵۳۵

شیو بہادر سنگھ دلبر

عقیدت کے پھول ۔ تبصرہ نگار: عارف منصور　　ش ۲۰، ص ۴۰۵ تا ۴۰۶

(ص)

صدیق شاہد

باریابی (نعتیہ مجموعہ) ۔ تبصرہ نگار: قیصر نجفی　　ش ۱۶، ص ۳۲۱ تا ۳۲۳

صدیق فتح پوری

سجدہ گاہِ دل ۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی　　ش ۶، ص ۳۲۶

صغرا فاطمہ نصیر

صدائے روح ۔ تبصرہ نگار: عارف منصور　　ش ۲۰، ص ۴۱۴ تا ۴۱۵

(ض)

ضیا انصاری

رحمت نور لم یزل ۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن　　ش ۱۲، ص ۲۱۵ تا ۲۱۷

(ط)

طاہر سلطانی

نعت میری زندگی ۔ تبصرہ نگار: شفیق الدین شارق — ش ۵، ص ۳۵۶ تا ۳۵۸

اذانِ دیر ۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی — ش ۶، ص ۳۲۹ تا ۳۳۰

صدائے اللہ اکبر۔ حریم ناز میں ۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن — ش ۹، ص ۱۹۹ تا ۲۰۰

انتخابِ مناجات ۔ تبصرہ نگار: قیصر نجفی — ش ۱۶، ص ۳۱۳ تا ۳۱۵

طفیل احمد مدنی، سید

دل ریزہ ریزہ ۔ تبصرہ نگار: عزیز احسن — ش ۱۱، ص ۳۱۰ تا ۳۱۱

(ظ)

ظافر تشنہ

گجری ۔ تبصرہ نگار: قیصر نجفی — ش ۱۷، ص ۳۴۸ تا ۳۵۰

(ع)

عابد سعید عابد

نجات ۔ تبصرہ نگار: عارف منصور — ش ۲۰، ص ۴۲۳ تا ۴۲۴

عابدہ کرامت

جبین نیاز ۔ تبصرہ نگار: عارف منصور — ش ۲۰، ص ۴۰۳ تا ۴۰۴

عادل امیر دہلوی

گلدستہ نعت ۔ تبصرہ نگار: حنیف اسعدی — ش ۶، ص ۳۲۵

عبدالمنان طرزی، ڈاکٹر

